# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیرِصدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں کپاس کی پلاننگ کمیٹی کے پہلے اجلاس کا انعقاد۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی ودیگراعلیٰ افسران کی شرکت**

**امسال کپاس کے کاشتکاروں کومنظورشدہ اقسام کا بیج ودیگر زرعی مداخل سبسڈی پرفراہم کیئے جائیں گے۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی**

**لاہور:14مارچ2022(   )** کپاس ہمارے ملک کی اہم ترین فصل ہے۔موجودہ حکومت کپاس کی سابقہ حیثیت کی بحالی کے لئے بھرپوراقدامات کررہی ہے۔امسال کاشتکاروں کومحکمہ زراعت کی منظورشدہ اقسام کا بیج ودیگرزرعی مداخل سبسڈی پرفراہم کیا جائے گا جس سے آئندہ فصل پرکیڑوں کے حملہ کے امکانات قدرے کم ہوجائیں گےان خیالات کا اظہارصوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے سول سیکرٹریٹ لاہور میں منعقدہ کپاس کی پلاننگ کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت(توسیع)ڈاکٹرانجم علی نے کمیٹی کوکپاس کی صورتحال کے متعلق بریفنگ دی۔اس موقع پرصوبائی وزیرزراعت نے کپاس کی سابقہ فصل پرکیڑوں کے حملہ کے کانوٹس لیتے ہوئے کپاس کی آئندہ فصل کے لئے آئی پی ایم پریکٹسیز پرعملدرآمد کرنے کی ہدایات جاری کیں۔اس کے علاوہ کپاس کی آئندہ فصل کے لئے محکمہ زراعت کا منظورشدہ بیج کی کاشتکاروں کویقینی فراہمی پرزوردیااورجعلی بیج مافیا کے خلاف قانونی کاروائی کرنے کی بھی ہدایات کیں۔اس موقع پرصوبائی وزیرزراعت سید حسین جہانیاں گردیزی نے کہا کہ کپاس کی نئی اقسام کی ترویج کے لئے بریڈرز رائٹس کے لئے ایس او پیز ترتیب دیئے جائیں تاکہ تکنیکی طورپرماہرین کی ڈویلپ کردہ اقسام کی منظوری دی جائے۔اس کے علاوہ کوئی بھی این جی اومحکمہ زراعت کی منظوری کے بغیرکپاس کے کاشتکاروں کوکسی قسم کی تکنیکی راہنمائی فراہم نہ کرے۔اجلاس میں صوبائی وزیرزراعت نے کپاس کی سابقہ فصل کی بہتر پیداوار پرمحکمہ زراعت کے افسران کوخراج تحسین پیش کی۔اس کے علاوہ آئندہ کپاس کی پیداوار میں بہتری کیلئے لائحہ عمل تشکیل دیا گیا۔اس موقع پرسیکرٹری زراعت پنجاب اسد رحمان گیلانی نے کپاس کی آئندہ فصل کوکیڑوں سے بچانے کیلئے جعلی زرعی ادویات کے خلاف جاری مہم میں تیزی لانے اور مارکیٹ میں معیاری زرعی مداخل کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔انھوں نے کہا کہ کپاس کی بحالی ایک چیلنج ہےجس کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرزکومل کرکام کرنا ہوگا۔امسال کپاس کے کاشتکاروں کوکسان کارڈ کا اجراء کیا جاچکا ہے جس کے ذریعے اربوں روپے کی سبسڈی فراہم کی جائے گی۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل نے کہا کہ کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے لئے آئی پی ایم مینول کواپ ڈیٹ کرکے کاشتکاروں تک پہنچایا جائے گا۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹرمحمدانجم علی، ڈائریکٹر جنرل(ریسرچ)ڈاکٹرمحمداختر،ڈائریکٹر جنرل(پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول)ڈاکٹرمحمداسلم،چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابدمحموداورڈائریکٹر کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان ڈاکٹرصغیر،ڈپٹی ڈائریکٹرزرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆